احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعہ 22 جون 2007ء

روزنامہ
# الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 22 جون 2007ء 6 جمادی الثانی 1428 ہجری 22 احسان 1386 ھش جلد 57-92 نمبر 139

## سخت گرمی میں نماز

حضرت انسؓ بن مالک روایت کرتے ہیں کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پیچھے ظہر کی نمازیں پڑھتے تو ہم گرمی سے بچنے کیلئے اپنے کپڑوں پر سجدہ کرتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب وقت الظہر حدیث نمبر:509)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ کے سواہرگز ہرگز کسی کی پرستش نہ کرو۔ اصل بات یہ ہے کہ انسان کی پیدائش کی علت غائی یہی عبادت ہے۔ جیسے دوسری جگہ فرمایا ہے.......... (الذاریات آیت:57) عبادت اصل میں اس کو کہتے ہیں کہ انسان ہر قسم کی قساوت۔ کجی کو دور کرکے دل کی زمین کو ایسا صاف بنادے جیسے زمیندار زمین کو صاف کرتا ہے۔ عرب کہتے ہیں مور معبد جیسے سرمہ کو باریک کرکے آنکھوں میں ڈالنے کے قابل بنالیتے ہیں اسی طرح جب دل کی زمین میں کوئی کنکر۔ پتھر۔ ناہمواری نہ رہے اور ایسی صاف ہو کہ گویا روح ہی روح ہو اس کا نام عبادت ہے۔ چنانچہ اگر یہ درستی اور صفائی آئینہ کی کی جاوے تو اس میں شکل نظر آجاتی ہے اور اگر زمین کی کی جاوے تو اس میں انواع واقسام کے پھل پیدا ہوجاتے ہیں۔ پس انسان جو عبادت کے لئے پیدا کیا گیا ہے اگر دل صاف کرے اور اس میں کسی قسم کی کجی اور ناہمواری۔ کنکر پتھر نہ رہنے دے تو اس میں خدا نظر آئے گا۔

میں پھر کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے درخت اس میں پیدا ہوکر نشوونما پائیں گے اور وہ اثمار شیریں وطیب ان میں لگیں گے جو.......... (الرعد آیت:36) کے مصداق ہوں گے۔ یادرکھو کہ یہ وہی مقام ہے جہاں صوفیوں کے سلوک کا خاتمہ ہے۔ جب سالک یہاں پہنچتا ہے تو خدا ہی خدا کا جلوہ دیکھتا ہے۔ اس کا دل عرش الٰہی بنتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس پر نزول فرماتا ہے۔ سلوک کی تمام منزلیں یہاں آکر ختم ہوجاتی ہے کہ انسان کی حالت تعبد درست ہو جس میں روحانی باغ لگ جاتے ہیں اور آئینہ کی طرح خدا نظر آتا ہے اسی مقام پر پہنچ کر انسان دنیا میں جنت کا نمونہ پاتا ہے اور یہاں ہی .......... (البقرہ آیت:26) کہنے کا حظ اور لطف اٹھاتا ہے۔ غرض حالت تعبد کی درستی کا نام عبادت ہے۔ پھر فرمایا.......... چونکہ یہ تعبد تام کا عظیم الشان کام انسان بدوں کسی اسوۂ حسنہ اور نمونہ کاملہ کے اور کسی قوت قدسی کے کامل اثر کے بغیر نہیں کرسکتا تھا اس لئے رسول اللہ ؐ فرماتے ہیں کہ میں اسی خدا کی طرف سے نذیر اور بشیر ہوکر آیا ہوں اگر میری اطاعت کروگے اور مجھے قبول کروگے تو تمہارے لئے بڑی بڑی بشارتیں ہیں کیونکہ میں بشیر ہوں اور اگر رد کرتے ہو تو یادرکھو کہ میں نذیر ہو کر آیا ہوں۔ پھر تم کو بڑی بڑی عقوبتوں اور دکھوں کا سامنا ہوگا۔ اصل بات یہ ہے کہ بہشتی زندگی اسی دنیا سے شروع ہوجاتی ہے اور اسی طرح پر کورانہ زیست جو خداتعالیٰ اور اس کے رسول سے بالکل الگ ہوکر بسر کی جاوے جہنمی زندگی کا نمونہ ہے اور وہ بہشت جو مرنے کے بعد ملے گا اسی بہشت کا اصل ہے اور اسی لئے تو بہشتی لوگ نعماء جنت کے حظ اٹھاتے وقت کہیں گے.......... دنیا میں انسان کو جو بہشت حاصل ہوتا ہے.......... (الشمس آیت:10) پر عمل کرنے سے ملتا ہے جب انسان عبادت کا اصل مفہوم اور مغز حاصل کرلیتا ہے تو خداتعالیٰ کے انعام واکرام کا پاک سلسلہ جاری ہوجاتا ہے اور جو نعمتیں آئندہ بعد مردن ظاہر مرئی اور محسوس طور پر ملیں گی وہ اب روحانی طور پر پاتا ہے۔ پس یادرکھو کہ جب تک بہشتی زندگی اسی جہان سے شروع نہ ہو اور اس عالم میں اس کا حظ نہ اٹھاؤ اس وقت تک سیر نہ ہو اور تسلی نہ پکڑو کیونکہ وہ جو اس دنیا میں کچھ نہیں پاتا اور آئندہ جنت کی امید کرتا ہے وہ طمع خام کرتا ہے۔ اصل میں وہ.......... (بنی اسرائیل آیت:73) کا مصداق ہے۔

(تفسیر سورۃ یونس تا سورۃ الکہف از حضرت مسیح موعود ص 36-37)

## مدرسۃ الحفظ طلباء میں داخلہ

مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2007ء کیلئے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ 9/ اگست 2007 ہے۔ والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچہ کے داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ ارسال کریں۔

☆ نام۔ ولدیت۔ تاریخ پیدائش۔ ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہوتو)

☆ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ درخواست پر صدر/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

**اہلیت:**

☆ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2007ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

☆ امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

**انٹرویو:**

☆ ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 18۔ اگست بروز ہفتہ صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

☆ بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 20,19۔ اگست صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 17۔ اگست کو دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کردی جائے گی۔ تمام امیدواران سے درخواست ہے کہ انٹرویو کیلئے آنے سے قبل اس بات کی تسلی کرلیں کہ ان کا نام لسٹ میں شامل ہے نیز مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

**عارضی لسٹ اور تدریس کا آغاز:** کامیاب امیدواران کی عارضی لسٹ مورخہ 22۔ اگست 2007ء کو صبح 9:00 بجے مدرسۃ الحفظ اور نظارت تعلیم کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کردی جائے گی تدریس

(باقی صفحہ 12 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 438)

## کامیابی کے لئے قرآن کا سربستہ راز

حضرت مصلح موعود کے خطبہ جمعہ قادیان (فرمودہ 22 جنوری 1937ء) کا ایک فکرانگیز اقتباس:-

آپ لوگوں کو اچھی طرح اس امر کا احساس ہونا چاہئے کہ جو اہم کام ہوتے ہیں، ان میں چاہے جان بھی چلی جائے ہلنا نہیں چاہئے۔ اس میں امیر اور غریب کا کوئی سوال نہیں، دونوں کے لئے اس کی پابندی ضروری ہے۔ مگر میں نے دیکھا ہے کہ نہ امیر اس کے پابند ہیں نہ غریب۔ حالانکہ میں نے بار بار توجہ دلائی ہے۔ اچھی طرح یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کامیابیاں انہی لوگوں کو عطا کرتا ہے جو کام کے عادی ہوں۔ جیتنے والے محنتوں سے نہیں گھبرایا کرتے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ................

(النازعات:43) یعنی ہمیشہ کامیاب وہی ہوتے ہیں جو گرہ کشائی میں لگے رہتے ہیں۔ وہ چھوڑتے نہیں جب تک گرہ کو کھول نہیں لیتے اور کام کو پورا نہیں کر لیتے اور پھر وہ ایک دوسرے سے بڑھ کر کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ کئی لوگ اس پر بڑے خوش ہوتے ہیں کہ ہم نے آٹھ گھنٹے کام کیا ہے۔ **حالانکہ وہ تو تندرست ہوتے ہیں اور میرے جیسے بیمار کو سال میں بہت دفعہ 22-22 گھنٹے روزانہ کام کرنا پڑتا ہے۔ میں نے کئی دفعہ اپنے معترضین سے کہا ہے کہ میرے ساتھ دس دن اگر کام کرو تو تمہیں پتہ لگ جائے کہ کتنا کام کرنا پڑتا ہے۔** کام کا ہر ایک کو پتہ لگ جاتا ہے کیونکہ اس میں عادت کا کوئی سوال نہیں ہوتا۔ ایک امیر شخص یہ تو کہہ سکتا ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے کہ زیادہ کپڑے پہن لوں۔ مگر خدا نے یہ کہاں کہا ہے کہ وقت ضائع کرو۔ وقت ضائع کرنے کے لئے کوئی عذر نہیں پیش کیا جا سکتا۔ سوائے اس کے کہ کوئی شخص کہے مجھے اس کی عادت پڑ گئی ہے۔ مگر اس طرح تو کوئی یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ خدا اور رسول کے انکار کی مجھے عادت ہوگئی ہے۔

میں جماعت کو پھر توجہ دلاتا ہوں کہ تحریک جدید تمہیں اس وقت تک کامیاب نہیں کر سکتی جب تک رات دن ایک کر کے کام نہ کرو۔ اپنی راتوں اور دنوں پر قبضہ نہ کر لو اور ایسی عادت ڈال لو کہ جس کام کو اختیار کرو ایسی طرح کرو جس طرح ہمارے ملک میں کہتے ہیں تخت یا تختہ۔ جب تک یہ روح پیدا نہ ہو، جب تک کوئی شخص اپنے آپ کو فنا کرنے کے لئے تیار نہ، اس وقت تک کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ تم لاکھ ایڑیاں رگڑو مگر اس وقت تک کامیابی حاصل نہیں کر سکتے۔ جب تک اس طریق پر کام نہ کرو جو اللہ تعالیٰ نے کامیاب ہونے کے لئے مقرر کیا ہے۔ اس وقت بورڈنگ تحریک جدید کے لڑکے میرے سامنے بیٹھے ہیں۔ میں ان کو بھی اور ان کے استادوں کو بھی توجہ دلاتا ہوں کہ اس بورڈنگ کے قیام سے میری غرض یہی ہے کہ نوجوانوں میں محنت کی عادت پیدا ہو۔ تم بارہ گھنٹے بھی سو سکتے ہو مگر پانچ، چھ گھنٹے سو کر بھی گزارہ کر سکتے ہو۔

سالہاسال تک جب میری صحت اچھی تھی باوجودیکہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول مجھے سختی سے منع کیا کرتے تھے، میں پانچ ساڑھے پانچ گھنٹے سے زیادہ نہیں سویا کرتا تھا۔ کئی دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرمایا کرتے تھے کہ طبی نقطہ نگاہ سے میرا مشورہ ہے کہ سات گھنٹے سے کم نیند کی صورت میں آپ کی صحت ٹھیک نہیں رہ سکتی۔ مگر میں پانچ ساڑھے پانچ گھنٹہ سے زیادہ نہیں سویا کرتا تھا۔ اب تو صحت اس قدر برداشت نہیں کر سکتی۔ مگر اب بھی سوائے بیماری کے سات گھنٹے میں کبھی نہیں سویا۔ بیماری میں تو بعض وقت آدمی دس گھنٹے بھی لیٹا رہتا ہے مگر ایسی حالت تو سال میں دو چار دفعہ ہی ہوتی ہے۔ عام حالات میں میں اب بھی چھ پونے چھ گھنٹے سوتا ہوں۔ گو سخت کام کے وقت اب بھی بعض دفعہ تین چار گھنٹوں پر اکتفاء کرنی پڑتی ہے۔

تو دنیا میں کامیابی محنت اور کام کرنے سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ محنت کے بغیر نیکی کی مشق بھی نہیں ہو سکتی۔ بورڈنگ تحریک جدید کے قیام سے میری غرض یہی ہے کہ چند نوجوان ایسے پیدا ہوں جو محنت کے عادی ہوں اور پھر وہ بیج کا کام دیں اور ان کے ذریعہ ساری قوم میں یہ عادت پیدا کی جا سکے۔

(خطبات محمود جلد 18 صفحہ 43 تا 45)

**اگر روحانی کان ہوں تو مزار محمود سے آج بھی یہ ربانی آواز سنائی دی جا سکتی ہے کہ**

اے میری الفت کے طالب<br>
یہ میرے دل کا نقشہ ہے<br>
اب اپنے نفس کو دیکھ لے تو<br>
وہ ان باتوں میں کیسا ہے

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## الفضل کی برکتیں

محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید تحریر کرتے ہیں کہ ہمارے پیارے روزنامہ ''الفضل'' سے برکتیں حاصل کرنے اور انہیں جماعت میں پھیلانے کا ایک طریق بندہ نے اپنے بزرگوار حضرت حافظ عبدالعزیز صاحب رفیق سیدنا حضرت مسیح موعود سے سیکھا ہے۔ قارئین کرام میں سے اکثر اس طریق پر عمل کرتے ہوں گے تاہم اس کی مزید اشاعت کیلئے قارئین کرام کی خدمت میں مکرر پیش کرتا ہوں۔

والد بزرگوار ''الفضل'' کو لیتے ہی دعا کے اعلانات پڑھا کرتے تھے اور پھر ''الفضل'' کو بند کر کے اپنے گھٹنوں پر رکھ لیا کرتے تھے اور باقاعدہ ہاتھ اٹھا کر دعاؤں کی تحریک پر بڑے خلوص اور انہماک سے دعا کیا کرتے تھے۔ اس عمل کے بعد پھر باقی حصہ اخبار کا پڑھا کرتے تھے...... اللہ تعالیٰ انہیں درجات کی بلندی سے نوازتا رہے۔

## تقریب آمین

مکرم چوہدری محمد صفدر صاحب گھمن دارالنصر غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری پوتی عیشۃ الراضیۃ بنت مکرم محمد حیدر صاحب گھمن نے قرآن مجید ناظرہ مکمل کر لیا ہے۔ اس کی تقریب آمین مورخہ 11۔اپریل 2007ء کو منعقد ہوئی۔ مکرم قاری محمد عاشق صاحب نے دعا کروائی۔ بچی کو قرآن کریم پڑھانے میں اس کی والدہ کی محنت اور کوشش کا دخل ہے۔ احباب کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک، خادمہ دین بنائے اور قرآنی انوار سے کماحقہ استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم ملک گلزار احمد صاحب مغلپورہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد مکرم چوہدری فضل احمد صاحب اعوان مورخہ 15 مئی 2007ء کو وفات پا گئے۔ آبائی گاؤں کڑی کوٹ تحصیل کامونکی ضلع گوجرانوالہ میں مورخہ 16 مئی 2007ء کو نماز جنازہ مکرم فہیم صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی اور تدفین مقامی قبرستان میں ہوئی اور دعا بھی موصوف نے ہی کروائی مرحوم ایک انتھک انسان تھے دوسرے کی سخت بات کا بھی بڑی نرمی سے جواب دیا کرتے صلح جو اور پر امن زندگی گزاری مرحوم کا حلقہ احباب وسیع تھا اور غیر از جماعت لوگ بھی تہہ دل سے ان کا احترام کرتے تھے۔ پسماندگان میں پانچ بیٹے اور دو بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے والد صاحب مرحوم کی بلندی درجات اور بخشش کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ نیز جن بہن بھائیوں اور بزرگان سلسلہ نے دوران بیماری عیادت کی اور دعاؤں سے ہماری مدد فرمائی اور وفات کے بعد گھر آ کر یا فون پر تعزیت فرمائی اور ہمارے افسردہ دلوں کو سکون بخشا۔ ہم تمام اہل خانہ ان کے مشکور ہیں خدا تعالیٰ ان کو بہترین جزائے خیر دے۔ آمین

## ولادت

مکرم محمد لطیف صاحب دارالبرکات ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم یاسر لطیف صاحب ٹورانٹو کینیڈا اور بہو مکرمہ طلعت یاسر صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 12 جون 2007ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچے کا نام ارمغان احمد یاسر عطا فرمایا ہے۔ بچہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے بچہ مکرم داؤد احمد صاحب مرحوم فیکٹری ایریا کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک اور خادم دین بنائے نیز صحت و تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم سید اعجاز مبارک منیر صاحب سیکرٹری مال و زعیم انصاراللہ چک نمبر 6/11-L ضلع ساہیوال تحریر کرتے ہیں کہ میرے بہنوئی مکرم سید ظفر جلیل صاحب G-11/2 اسلام آباد مورخہ 31 مئی 2007ء کو اسلام آباد میں انتقال کر گئے۔ آپ حضرت سید محمود شاہ صاحب آف گجرات رفیق حضرت مسیح موعود کے نواسے، مکرم کیپٹن ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب قادیان کے چھوٹے داماد اور مکرم سید عزیز احمد شاہ صاحب مربی سلسلہ و استاد جامعہ کے برادر نسبتی تھے۔ آپ بہت ملنسار اور ہردلعزیز اور بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ مرحوم نے بیوہ کے علاوہ ایک بیٹی یادگار چھوڑی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے، پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور خود ان کا حافظ و ناصر ہو۔

**آپ کے خون کا ایک قطرہ دوسرے کی زندگی بچا سکتا ہے**

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

# حقوق انسانی پر عدل کی حسین دینی تعلیم

## عدل کا دامن پکڑتے ہوئے یتامیٰ کے حقوق کے لئے قومی طور پر مستعد کھڑے ہوجاؤ

## اپنے بچوں سے رحم کا سلوک کرو، اس کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ تم سے پیار اور رحمت کا سلوک فرمائے گا

**عدل کے موضوع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا جلسہ سالانہ برطانیہ پر خطاب فرمودہ 24 جولائی 1988ء کا متن**

**نوٹ:** الفضل کی بندش کے دوران حضور کا یہ خطاب ضمیمہ انصار اللہ اکتوبر 1988ء، ضمیمہ تحریک جدید اکتوبر 1988ء، ضمیمہ خالد نومبر 1988ء اور ضمیمہ انصاراللہ نومبر 1988ء میں قسط وار شائع ہوا۔ الفضل میں پہلی بار شائع ہورہا ہے۔

(قسط سوم آخر)

## بچوں سے عدل واحسان

آنحضرت ﷺ نے اولاد کے حقوق میں سے کوئی پہلو بھی نہیں چھوڑا اور صرف عدل نہیں بلکہ احسان کی تعلیم بھی عطا فرمائی اور یہ سکھایا کہ کس طرح بچوں سے پیار کئے جاتے ہیں۔ آجکل کوئی کہہ سکتا ہے کہ یہ تو عام تہذیب کی باتیں ہیں۔ ہر آدمی کو پتہ ہے لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ آج بھی ہمارے معاشرے میں بچے محروم ہیں اور ترقی یافتہ معاشرے میں بھی بچے ماں باپ کے پیار سے محروم ہیں۔ آپ اگر نفسیاتی ماہرین کی کتب کا مطالعہ کریں تو آپ دیکھ کر حیران ہوں گے کہ آجکل کے ترقی یافتہ امیر ممالک میں بھی ایک بڑی بھاری تعداد بچوں کی ماں باپ کے پیار کی پیاسی رہ کر کئی قسم کی ذہنی بیماریوں میں مبتلا ہوجاتی ہے۔ ماں باپ کو اپنی ذاتی عیش وعشرت کی پڑی رہتی ہے اور بچوں کا حق ادا نہیں کرتے اس لئے آنحضرت ﷺ نے جس طرح بچوں سے سلوک فرمایا اگرچہ آپ کو یہ چھوٹی باتیں دکھائی دیں گی مگر یہ وہ چھوٹی باتیں ہیں جن کو نظر انداز کرنے سے معاشرے میں بڑی بڑی خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک اعرابی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ تو بچوں کو بوسہ دیتے ہیں گویا یہ مردوں کی صفات کے خلاف ہے ہم تو انہیں بوسہ نہیں دیتے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے تمہارے دلوں سے رحمت کو کھینچ نکالا ہے تو میں کیا کرسکتا ہوں۔ (صحیح بخاری کتاب الادب)

آنحضرت ﷺ کی ایک نواسی نزع کی حالت میں تھی۔ حضور کی بیٹی نے آپ کو بلوا بھیجا۔ حضور جب وہاں گئے تو انہوں نے بچی کو آپ کی گود میں دے دیا۔ بچی کو رک رک کر سانس آرہا تھا۔ حضور کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوگئے۔ حضرت سعد بن عبادہ بیان کرتے ہیں کہ وہ بھی ہمراہ تھے انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہ کیا دیکھ رہے ہیں ہم، آپ کیوں رو رہے ہیں۔ یہ کیا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ دیکھو جس کو تم بظاہر کمزوری کے آنسو سمجھتے ہو یہ اللہ کی رحمت ہے جس کے دل کو وہ پسند فرماتا ہے۔ اس سے بھر دیتا ہے اور اللہ اپنے بندوں میں سے انہی پر رحم فرماتا ہے جو دوسروں پر رحم فرماتے ہیں۔ اس لئے اس بات کو معمولی نہ سمجھو۔ اگر تمہارا دل رحم سے خالی ہو جائے گا۔ تو تم خدا کی رحمت سے بھی محروم رہ جاؤ گے۔ اس لئے اپنے بچوں سے بھی رحم کا سلوک کرو اپنے بچوں سے بھی پیار اور رحمت اور محبت کا سلوک کرو اس کے نتیجے میں خدا تم سے پیار اور رحمت اور شفقت کا سلوک فرمائے گا۔

آپ کا طریق یہ تھا کہ ایک موقعہ پر حضرت امامہ بن ابو العاص کو اپنے دوش مبارک پر اٹھایا ہوا تھا۔ پھر آپ نماز پڑھنے لگے۔ رکوع میں جاتے تھے تو انہیں اتار دیتے تھے اور جب کھڑے ہوتے تھے تو انہیں اٹھا لیتے تھے۔ بعض جو طالبعلم ہوتے ہیں فقہ کے ان کو فقہ میں پڑھایا جاتا ہے کہ نماز میں اگر کوئی ایسی حرکت کرلے جس سے توجہ دوسری طرف ہوجائے یا کسی چیز کو اٹھائے یا رکھے تو اس سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ اسی قسم کا ایک جاہل طالب علم مدرسہ میں بیٹھا ہوا استاد سے حدیثیں پڑھ رہا تھا۔ جب یہ حدیث آئی تو اس نے کہا اوہو رسول اللہ ﷺ کی نماز ٹوٹ گئی کہ بچے کو اٹھا کر زمین پر رکھ دیا۔ زمین سے اٹھا کر اوپر اٹھا لیا اور عبادت چھوڑ دی۔ اس میں رحمت کی عظمت بیان فرمائی گئی ہے۔ اتنی عظمت ہے انسانی دل کی شفقت اور رحمت کی کہ نماز کے ساتھ ٹکراتی نہیں بلکہ نماز کے ساتھ جذب ہوجاتی ہے اور رحمت کے نتیجے میں جو فعل نماز میں سرزد ہو وہ ہرگز نماز سے متصادم نہیں ہوتا اور نماز کو ضائع نہیں کرتا۔

## ماں باپ بچوں کے حقوق میں دخل اندازی نہیں کرسکتے

اولاد کے حقوق کے سلسلے میں قرآن مجید اس مضمون کو مزید آگے بڑھاتا ہے اور فرماتا ہے کہ جب یہ کہا جائے کہ جو کچھ تمہارا ہے تمہارے ماں باپ کا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ ماں باپ کی زندگی کے تم مالک ہوگئے ہو اور اب اولاد کی زندگی کے تم مالک ہوگئے ہو۔ چنانچہ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کے تعلقات اور آپس کی گفتگو کا ذکر کرتے ہوئے قرآن کریم فرماتا ہے کہ جب اسماعیل اس عمر کو پہنچا کہ حضرت ابراہیم کے ساتھ دوڑتا پھرے اور روزمرہ کے کاموں میں شامل ہوسکے تو اس وقت حضرت ابراہیمؑ نے اپنی ایک رویا کے پیش نظر اپنے بیٹے کو بلا کر بڑے پیار سے کہا۔

اے میرے بہت ہی پیارے بیٹے میں نے ایک بہت ہی عجیب خواب دیکھی ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں۔ تو مجھے بتا کہ تو کیا سمجھتا ہے اس خواب کے بارے یا مجھے کیا کرنا چاہئے۔ اب دیکھیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رویا ہے اور انبیاءؑ کی رویا وحی کا درجہ رکھتی ہے۔ آپ نے رویا میں دیکھا کہ خدا نے وحی کے طور پر فرمایا کہ میں اپنے بیٹے کو ذبح کر رہا ہوں لیکن جانتے تھے کہ خدا تعالیٰ نے جو انصاف کی تعلیم دی ہے اس میں بیٹے کی جان کے کچھ حقوق قائم فرمائے ہیں۔ اور باپ کو ان حقوق میں دخل اندازی کی اجازت نہیں۔ اس لئے باوجود یہ سمجھنے کے کہ خدا چاہتا ہے کہ میں اپنی اولاد کو اپنے ہاتھوں سے ذبح کروں اپنے بچے کو بلایا۔ اور یہ بتانے کے لئے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں مت سمجھنا کہ یہ ظلم کے نتیجہ میں ہے مخاطب یوں کیا۔ یا بنی! عربوں میں بہت ہی پیار کے طریقہ پر بچوں کو اس طرح مخاطب کیا جاتا ہے۔ یا ابنا نہیں فرمایا۔ فرمایا یا بنی۔ اے میرے بہت ہی پیارے بیٹے میں نے ایک خواب دیکھی ہے اب میں کیا کروں۔ تمہارا اپنا ایک حق ہے۔ اس حق کو مدنظر رکھتے ہوئے تم بتاؤ کہ مجھے کیا کرنا چاہئے اب دیکھئے تربیت کیسی عظیم الشان تھی اس بچے کی۔ وہ عرض کرتے ہیں اے میرے پیارے ابا جو خدا آپ کو حکم دیتا ہے وہی کرو مجھ سے۔ اور میری کچھ پرواہ نہ کر۔

یہ جو جذبہ پیدا ہوتا ہے اولاد میں یہ جذبہ بتا رہا ہے کہ انبیاء کا طریق یہ ہے کہ اولاد سے بے انتہا پیار کرتے ہیں بے انتہا رحم اور شفقت کا سلوک کرتے ہیں اگر کسی ماں باپ نے بچپن میں اولاد سے سلوک نہ کیا ہو تو اس کو یہ جواب نہیں مل سکتا۔ ناممکن ہے کہ کوئی بچہ جس سے باپ نے حسن سلوک میں غفلت کی ہو وہ اس کی خواب کی بنا پر اس کو جواب دے کہ ہاں جو چاہے کرتا پھر جو خدا نے تجھے حکم دیا ہے کر گزر خواہ اپنے ہاتھوں سے مجھے ذبح کرنا پڑے۔ پس اس میں ایک ان کہی کہانی بہت ہی عظیم الشان بہت ہی لطیف بہت ہی رحیمانہ اور کریمانہ کہانی بیان ہوگئی ہے کہ بچپن سے لے کر اس عمر تک جب یہ سوال کیا گیا۔ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی اولاد سے بہت ہی مرحمت اور تلطف کا سلوک فرمایا مگر دیکھئے حقوق کا جہاں تک معاملہ ہے۔ ابراہیم نے دخل نہیں دیا۔ اولاد کا اپنا حق ہے اور کسی ماں باپ کو اولاد کو نہ ظاہری طور پر ختم کرنے کی اجازت ہے نہ روحانی طور پر قتل کرنے کی اجازت ہے۔

## اولاد کو چھوٹا اور بے معنی نہ سمجھو

آنحضرت ﷺ اولاد کے ساتھ سلوک کے معاملے میں یہ تعلیم دیا کرتے تھے کہ اولاد سے اس طرح سلوک نہ کرو جس طرح وہ تمہارے سامنے چھوٹے اور بے معنی ہیں اور یہ وہ تعلیم ہے جس کو نافذ کرنے کی آج دنیا میں بڑی ضرورت ہے۔ درحقیقت آج کی دنیا میں آپ یہ خرابی دیکھ رہے ہیں کہ اولاد ماں باپ کے ساتھ سلوک نہیں کرتی اور ان سے بالکل غافل ہوکر انہیں چھوڑ دیتی ہے۔ متروک کردیتی ہے۔ اس کی ایک بہت بڑی ذمہ داری والدین پر بھی ہے۔ اس نئے معاشرے میں بسا اوقات والدین اپنی اولاد کے حقوق ادا نہیں کر رہے ہوتے۔ اسی لئے جہاں جہاں بھی آپ استثناء دیکھیں گے اور ایسے استثناء آپ کو بہت سے نظر آئیں گے۔ یورپ کے معاشرے میں بھی اور امریکہ کے معاشرے میں بھی کہ بعض بچے یہاں پیدا ہوئے ہیں لیکن اتنا پیار کرتے ہیں اپنے ماں باپ سے کہ بڑھاپے تک ان سے وفا کرتے ہیں۔ ان کے لئے سب کچھ قربان کرتے چلے جاتے ہیں۔ کسی ساری قوم کو تو رد نہیں کیا جاسکتا۔ یہ بھی انصاف کے خلاف ہے۔ لیکن اگر آپ مزید غور کریں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ قرآنی تعلیم اور سنت مصطفوی کو نظر انداز کرنے کے نتیجہ میں رفتہ رفتہ خرابیاں راہ پاجاتی ہیں جو بڑھتے بڑھتے قومی بیماریوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔ آپ فرماتے ہیں اکرموا اولادکم۔ اولاد کو ابے تبے کہہ کر مخاطب نہ کیا کرو۔ اوئے! ادھر آؤ یہ کیا کر رہے ہو؟ وہ کیوں نہیں کیا؟ بلکہ عزت کیا کرو۔ جس

طرح بڑوں کی عزت کرتے ہو۔ اگر تم اولاد کی عزت کرو گے تم اپنی عزت کروانا ان کو سکھاؤ گے۔ یہ تعلیم اس میں مخفی ہے۔ یہ نہیں فرمایا اپنی خاطر کرو۔ ورنہ وہ نیکی ختم ہو جاتی ہے۔ فرمایا اولاد کی عزت کیا کرو۔ اور اس طریق پر ان کی نہایت حسین تربیت کرو ان کی عزت کر کے تم ان کی بہترین تربیت کر رہے ہو گے۔

## بچوں کی خرابیوں کی ذمہ داری پرانی نسلوں پر ہے

پس آجکل جو خرابیاں اولاد کی طرف سے رونما ہو رہی ہیں اس کی لمبی تاریخی ذمہ داری پرانی نسلوں پر ہے۔ کئی نسلوں سے یہ بیماری چلی آ رہی ہے کہ ماں باپ نے بچوں کو جوان کا توجہ کا حق ہے اس سے ان کو محروم کر رکھا ہے۔ اپنی دنیا کی لذتیں اپنے ایسے معاشرے کی مصروفیات میں ملوث ہو جانا جوان کو اولاد کے حقوق ادا کرنے سے باز رکھے۔ یہ جوبے بی سٹنگ کا نیا رواج آن پڑا ہے۔ کئی جگہ تو مجبوریاں ہیں لیکن بسا اوقات عیش و عشرت کی خاطر دنیا میں گھومنا پھرنا ہے جن کو توفیق ملتی ہے وہ دوسروں کے سپرد اپنے بچے کر جاتے ہیں۔ چنانچہ جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے۔ ماہرین نفسیات بتا رہے ہیں کہ ایسے بچے ہمیشہ ہمیش کے لئے نفسیاتی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور بعض دفعہ ان بیماریوں سے ان کو کبھی شفا نہیں مل سکتی۔ ایسے بچوں میں قاتل پیدا ہوتے ہیں۔ ایسے بچوں میں سفاک پیدا ہوتے ہیں۔ ایسے بچوں میں زنا بالجبر کے مجرم پیدا ہوتے ہیں۔ ایسے بچوں میں چھرا گھونپنے والے اور مال لوٹنے والے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ بچپن میں ماں باپ کی وہ بے پرواہیاں ہیں جو ان کو بڑی خاموشی کے ساتھ مجرم بنا رہی ہوتی ہیں اور اس کا ایک اظہار اعداد و شمار کی صورت میں امریکہ کے ایک جائزے میں ہمارے سامنے آیا ہے۔

## امریکہ میں نوعمر بچوں کی خودکشی کے اعداد و شمار

آپ یہ سن کر حیران رہ جائیں گے کہ امریکہ میں ہر سال جو نوعمر لڑکے خودکشی کرتے ہیں ان کی تعداد 4 لاکھ سالانہ ہے۔ امریکہ جیسے امیر اور ترقی یافتہ اور تمام عیش و عشرت کے حامل ملک کا یہ حال ہے کہ ہر سال وہاں 4 لاکھ محروم بچے زندگی سے اتنے تنگ آ جاتے ہیں کہ وہ خودکشی کر لیتے ہیں اور یہ بیماری بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ اس کے بعد کیسے توقع رکھی جا سکتی ہے کہ بوڑھے ماں باپ کے حقوق کا خیال رکھا جا سکے گا۔

## یتامیٰ کے حقوق

جہاں بچوں کے تعلق میں ماں باپ پر بچوں کے حقوق کی بات ہوئی وہاں ...... نے یتامیٰ کو بھی نظر انداز نہیں فرمایا۔ اور یتامیٰ کے متعلق بڑی تفصیل سے بار بار قرآن کریم میں تعلیم دی کیونکہ وہ جن کے ماں باپ ہیں وہ تو اپنی اولاد کے حقوق ادا کر لیں گے جو قرآن انہیں سکھائے گا وہ جن کے ماں باپ کوئی نہیں وہ بیچارے کیا کریں گے۔ تو سارے معاشرے کو ان کا ماں باپ بنا دیا اور ان بچوں کے حقوق کی بھی نہایت تفصیل سے بات کی ہے۔ قرآن کریم میں جتنی بار یتامیٰ کے حقوق کا ذکر ہے آپ پڑھ کر دیکھیں۔ شاید باقی دنیا کے مذاہب میں مجموعی طور پر بھی آپ کو یتامیٰ کا اتنا ذکر نہیں ملے گا اور پھر اس تفصیل، اس باریکی اور اس گہرائی کے ساتھ فرمایا کہ خدا تعالیٰ تمہیں اس بات کی بطور خاص تاکید فرماتا ہے کہ یتامیٰ کے حقوق کی ادائیگی کے لئے قومی طور پر کھڑے ہو جاؤ بہت ہی عظیم الشان مضمون ہے۔ بڑی قوت کے ساتھ بیان فرمایا گیا ہے۔ یہ نہیں فرمایا کہ یتامیٰ پر رحم کرو اور ان کا خیال رکھو۔ فرمایا عدل کا دامن پکڑتے ہوئے یتامیٰ کے حقوق کے لئے قومی طور پر مستعد اور کھڑے ہو جاؤ اور اس بات پر نظر رکھو کہ کوئی یتیم بھی ایسا باقی نہیں رہتا جس کے حقوق معاشرہ ادا نہیں کر رہا۔ پھر فرمایا...... کہ اے محمد ﷺ لوگ تجھ سے یتامیٰ کے بارے میں پوچھتے ہیں تو کہہ دے کہ ان کی اصلاح ایک بہت اچھا کام ہے۔ اس لئے صرف اپنے بچوں کی اصلاح کی طرف متوجہ نہ ہوں۔ یتامیٰ کی طرف سے اگر غافل ہو جاؤ گے تو وہ مجرم بن جائیں گے۔ ان کی تربیت خراب ہو جائے گی۔ اس وجہ سے فرمایا کہ ان کی اصلاح بہت اچھا کام ہے۔ اب دیکھئے کہ بہت سے ایسے معاشرے ہیں جہاں یتیم بچے اپنے حال پر چھوڑ دیئے جاتے ہیں جس کے نتیجے میں ان میں بہت سی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ تو فرمایا یتیموں کو اس طرح نہ چھوڑ دینا کہ ان کی اصلاح کا کسی کو خیال ہی نہ رہے۔ اگلی نسلوں کی اصلاح ماں باپ کی توجہ کی محتاج ہوا کرتی ہے۔

## یتامیٰ کو گھروں میں رکھنے کی تلقین

یتیم بھی حق رکھتے ہیں کہ ان کی اصلاح کی جائے۔ تو فرمایا ان کی اصلاح کرنا بہت اچھا کام ہے۔ اس سے غافل نہ ہونا۔ اور اگر ان کو تم ملا جلا کر اپنے گھر والوں کی طرح رکھو تو تمہارے بھائی ہیں۔ ان سے غیریت کا سلوک نہ کرو پھر یہ کافی نہیں کہ یتیم خانے بناؤ اور ان میں ان کو رہائش کی سہولتیں مہیا کر دو۔ یہ فرمایا گیا کہ بہتر ہے کہ اگر تمہارے اندر توفیق ہو، تم میں طاقت ہو، تم میں یہ خطرہ نہ ہو کہ تم یتامیٰ سے ناانصافی کر جاؤ گے یا اپنی اولاد کے مقابل پر ان سے کم درجہ کا سلوک کرو گے تو ان شرائط کو جو اس حکم میں مضمر ہیں ان شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کو ملا جلا کر اپنے بھائیوں کی طرح رکھو۔ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ فساد کرنے والے کو اصلاح کرنے والے کے مقابلے میں خوب جانتا ہے۔ بعض لوگ یتیموں کو اپنے گھروں میں اس لئے رکھتے ہیں کہ ان سے خدمتیں لیں گے۔ ان سے اپنا کام لیں گے۔ اولاد کی طرح بلاتے ہیں اور نوکروں اور غلاموں کی طرح سلوک کرتے ہیں۔ تو اس باریک نظر سے خدا تعالیٰ انسانی فطرت کی نشاندہی پر نگاہ رکھتا ہے کہ ہر خطرے کی نشاندہی کرتا چلا جاتا ہے اور متنبہ فرماتا چلا جاتا ہے۔

فرمایا کہ ٹھیک ہے تم نیکی کے نام پر ان کو اپنے گھروں پر رکھو مگر یہ یاد رکھ لینا کہ اللہ تعالیٰ فسادی کو اور نیکی کرنے والے کو الگ الگ خوب پہچانتا ہے اور اس کو تم کبھی دھوکہ نہیں دے سکتے۔ پھر متنبہ کیا ساری قوم کو اور فرمایا۔

## دو مہلک بیماریوں سے انتباہ

خبردار تم میں بعض مہلک بیماریاں داخل ہو رہی ہیں۔ ان میں سے پہلی یہ ہے کہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے۔ یہاں عدل کا مضمون نہیں ہے بلکہ احسان بلکہ ایتاء ذی القربیٰ کا مضمون بیان ہو رہا ہے۔ فرمایا یتیم کا یہ حق نہیں ہے کہ تم اس کے حقوق ادا کرو اور اس کے ساتھ انصاف کا معاملہ کرو جس سوسائٹی میں یتیم کی عزت نہیں ہوتی وہ سوسائٹی ہلاک ہونے والی سوسائٹی ہوتی ہے اور اس کے علاوہ دوسری مہلک بیماری کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا اور تم میں دوسری بیماری یہ پیدا ہو چکی ہے کہ مسکینوں کو کھانا کھلانے کی تم تلقین نہیں کرتے۔ ایک دوسرے کو رغبت نہیں دلاتے جب یہ دو بیماریاں پیدا ہو جائیں تو اس کے نتیجے میں اور بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ فرمایا تم تو ورثہ کے مال خوب عیش کے ساتھ اڑانے کی کوشش کرتے ہو۔ اور دنیا کی دولتوں سے بہت ہی محبت کرنے لگ گئے۔ یہ دو بیماریاں ایسی ہیں جو پہلی بیماریوں کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہیں پس قرآن کریم ایک ایسی کتاب ہے جو ہر بیماری کو کھول کھول کر بیان کرتی ہے اور اس کے علاج کی بھی نشاندہی فرماتی ہے۔ پھر فرمایا کہ یہ بیماری صرف معاشرے کی بیماریوں پر ہی منتج نہیں ہو گی اسے اگر تم نظر انداز کرو گے تو تمہیں دینی اور روحانی بیماریاں بھی لگ جائیں گی۔

## یتامیٰ کی عزت نہ کرنے والا دین کو جھٹلانے والے کے برابر ہے

فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ وہ کیسے لوگ ہوتے ہیں۔ کیسا انسان ہوتا ہے جو دین کو جھٹلاتا ہے۔ اگر تم جاننا چاہو تو ہم تمہیں بتاتے ہیں۔ یہ وہی بدبخت ہے جو یتامیٰ کو ٹھکرایا کرتا تھا۔ جس سوسائٹی میں یتامیٰ کی عزت نہ رہے اور یتامیٰ ٹھکرائے جانے لگیں۔ وہاں دین کو بھی ٹھکرا دیا جاتا ہے اور جب بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی پیغام ملتا ہے وہاں ایسی سوسائٹی جو دنیا دار ہوتی ہے۔ جو خود غرض ہو چکی ہو پینے، کھانے اور اپنے ذاتی عیش اڑانے میں مگن ہو چکی ہو ایسی سوسائٹی جہاں یتامیٰ کی کوئی عزت نہ ہو رہی ہو وہ سوسائٹی خدا تعالیٰ کے پیغامات کو رد کر دیا کرتی ہے اور دین کو رد کر دیا کرتی ہے۔ چنانچہ ان بیماریوں کا اکٹھا ذکر فرمایا۔ یہ دونوں بیماریاں مل کر تکذیب دین کی طرف انسان کو بڑھا دیتی ہیں۔ یا تکذیب دین کی زیادہ مہلک بیماری اس میں پیدا کر دیتی ہیں اور قرآن کریم میں بہت سی آیات ہیں جن میں کثرت سے یتامیٰ کے حقوق کا ذکر ملتا ہے اور بڑی تفصیلی تعلیم ہے۔ اس کی تفصیل میں بھی بہت بڑا وقت چاہئے میں سردست اس کو یہاں چھوڑتا ہوں اور آنحضرت ﷺ کی دو حدیثیں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں جس سے آپ کو یتامیٰ کے متعلق آنحضرت ﷺ کے طرز عمل کا علم ہو جائے گا۔

## یتامیٰ کی دیکھ بھال کرنے والے کو جنت کی بشارت

حضرت سہل بن سعدؓ بیان کرتے ہیں (یہ حدیث بخاری باب فضل من یعول یتیماً سے لی گئی ہے۔)

کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا میں اور یتیم کی دیکھ بھال میں لگا رہنے والا شخص جنت میں اس طرح ساتھ ساتھ ہوں گے آپ نے وضاحت کی غرض سے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو یوں جوڑ دیا اور اس طرح جوڑا کہ درمیان میں کوئی فاصلہ نہ رہا۔ فرمایا کہ جو شخص یہ خواہش رکھتا ہے کہ جنت میں اس طرح میرے ساتھ ہو جائے جس طرح ایک چھوٹی انگلی دوسری انگلی کے ساتھ مل کر جیسے میں ملا کر تمہیں دکھا رہا ہوں تو یتیموں کی کفالت کرلے ان کے ساتھ اس طرح سلوک کرو جس طرح اپنے اہل و عیال کے ساتھ سلوک کرتے ہو۔ تب جنت میں تم میرے ساتھ ہو گے۔ ایسا کیوں ہے۔ ان دونوں باتوں میں کیا تعلق ہے۔ اس طرح آپ پر نظر ڈالیں تو آپ کو آنحضور ﷺ کی سیرت کا ایک اور عظیم الشان پہلو دکھائی دے گا۔ آنحضرت ﷺ تمام دنیا سے اسی طرح محبت فرماتے تھے جس طرح کہ سب آپ کے بچے اور اہل و عیال ہوں۔ پس جو شخص یتامیٰ سے وہ سلوک کرے گا تو گویا آنحضرت ﷺ کی نمائندگی کر رہا ہے۔

پس جس طرح ایک ماں اس شخص کو پیارا رکھتی ہے۔ جو اس کے بے سہارا بچے کا سہارا بن جاتا ہے۔ اور مددگار بن جاتا ہے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ میں اس شخص سے بے اختیار ایسی محبت کروں گا کہ میری محبت اسے جنت میں میرے قریب لے آئے گی اور میرے ساتھ جنت میں اس کو اکٹھا کر دے گی۔

حضرت عبداللہ بن مسعود کی زوجہ محترمہ حضرت زینب روایت کرتی ہیں کہ میں مسجد میں تھی میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا۔ آپ نے فرمایا خیرات کرو اگرچہ تمہارا زیور ہی ہو۔ حضرت زینب اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ چند زیر کفالت یتیموں پر اپنا مال خرچ کیا کرتی تھیں۔ انہوں نے اپنے شوہر عبداللہ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھو کہ وہ صدقہ میں تم پر اور تین بچوں پر جو میری پرورش میں ہیں خرچ کرتی ہوں تو کیا یہ بات صحیح ہے کہ یہ بھی صدقہ کے حکم میں آئے گا۔

انہوں نے کہا خود رسول کریم ﷺ سے جا کر پوچھ لو۔ چنانچہ وہ کہتی ہیں کہ میں آنحضورﷺ کی خدمت میں جانے کے لئے بڑھی۔ ایک انصاری عورت کو آپ کے دروازہ پر پایا اسے بھی وہی کام تھا جو مجھے تھا۔ آنحضرت ﷺ جب نیکی کی نصیحت فرمایا کرتے تھے تو معلوم ہوتا ہے گھر گھر میں چرچے ہو جایا کرتے تھے اور سوال اٹھا کرتے تھے کہ اس کا یہ مطلب تو نہیں۔ یہ مطلب تو نہیں یا اس سوال کا کیا جواب ہے وغیرہ۔ چنانچہ صرف یہی نہیں بلکہ ایک اور خاتون بھی رسول کریم ﷺ سے ایسے صدقوں کے متعلق پوچھنے کے لئے نکلی تھیں جو اپنے رشتہ داروں اور عزیزوں یا ایسے یتامیٰ پر خرچ ہو رہے ہیں۔ جو گھر کا حصہ بن چکے ہیں۔ یہ بڑی پیاری حدیث ہے۔ اس اعتبار سے کہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس زمانے کے معاشرہ میں کس طرح سادگی کی باتیں ہوا کرتی تھیں۔ وہ منظر پورے کا پورا ہماری آنکھوں کے سامنے لا کھڑا کرتی ہے۔ اس لئے میں اس کو اس تفصیل سے پڑھ کر سنا رہا ہوں۔ وہ کہتی ہیں کہ میں نے انصاری عورت کو بھی آپ کے دروازے پر کھڑے دیکھا اس کو بھی وہی کام تھا جو مجھے تھا۔ ہمارے سامنے سے بلال گزرے ان دونوں کو اندر جانے کی جرأت نہیں ہوئی دروازے پر کھڑی ہیں آپس میں باتیں کر رہی ہیں کہ کیسے کوئی رسول کریم ﷺ کے پاس جائے اور تکلیف دے یا آپ سے جا کر پوچھے۔ کہتی ہیں بلالؓ پر ہماری نظر پڑ گئی۔ ہم نے انہیں کہا رسول اللہ ﷺ سے پوچھو میں اپنے شوہر اور ان کے یتیم بچوں پر جو میرے زیر کفالت ہیں خرچ کر دوں تو کیا کافی ہوگا۔ ہم دونوں نے کہا مگر ہمارا نام نہ لینا۔ بلالؓ اندر گئے آپؐ نے دریافت کیا۔ آپؐ نے فرمایا یہ دونوں کون ہیں۔ بلالؓ بولے زینب ہیں۔ فرمایا کون زینب۔ بلالؓ نے دوسری کا ذکر نہیں کیا صرف زینبؓ کا نام لیا۔ عرض کیا عبداللہ کی بیوی۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں اس کے لئے دو طرح کا اجر ہے ایک رشتہ داری کا اجر اور ایک صدقے کا اجر۔ اس حدیث میں بھی آنحضرت ﷺ کی سیرت کا ایک حسین پہلو ہمارے سامنے ابھرتا ہے۔ آنحضورﷺ سے جب لوگ سوال کیا کرتے تھے تو بعض بظاہر اصولی سوال ہوا کرتے تھے۔ لیکن آپ جانتے تھے کہ سوال کرنے والا اگر مختلف ہو تو ایک ہی جواب اس کے لئے کافی نہیں ہوگا۔ بعض بہت ہی نیک دل اور مخلص لوگ سوال کرتے ہیں۔ اور وہ جواب کو توڑ مروڑ کر استعمال نہیں کیا کرتے۔ بعض ٹیڑھی طبیعتوں کے لوگ سوال کرتے ہیں بظاہر اصولی سوال کر رہے ہوتے ہیں لیکن دل میں نیت ہوتی ہے کہ اس جواب کو ہم غلط استعمال کریں گے۔ اور پھر ہر سوال ہر قسم کے حالات کے ساتھ برابر تعلق نہیں رکھتا۔ حالات بدلنے کے نتیجے میں سوال کی نوعیت بدل جاتی ہے اور سوال کا جواب بھی بدلنا چاہئے۔ اس لئے رسول کریم ﷺ کا یہ دستور تھا کہ سوال سننے کے بعد جواب دینے میں جلدی نہیں فرماتے تھے بلکہ پورے غور سے اس کے مالہ و ماعلیہ پر غور فرماتے تھے اور پھر معلوم کر کے کہ کون کس وجہ سے بات پوچھ رہا ہے جواب دیا کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض دفعہ ایک سوال کرنے والے نے آپ سے پوچھا کہ بہترین نیکی کیا ہے۔ تو آپؐ نے فرمایا خدا کی راہ میں جہاد۔ ایک دوسرے سوال کرنے والے نے وہی سوال کیا آپؐ نے فرمایا ماں کی خدمت، ایک تیسرے سوال کرنے والے نے وہی سوال کیا آپؐ نے فرمایا اپنے باپ کی خدمت۔ تو ایک ہی سوال کے جواب کیوں بدلے اس لئے کہ آنحضورﷺ سوال کرنے والے کے دل کے حالات پر نظر رکھتے تھے اور اس کے مرض کے مطابق اس کے لئے شفا بیان فرمایا کرتے تھے۔ اس کے لئے دوا مقرر فرمایا کرتے تھے۔

چنانچہ اب سنئے حضرت زینب بہت ہی فراخ دل اور بہت ہی نیک عورت تھی بے انتہا صدقے کرنے والی تھی۔ اس لئے آنحضرت ﷺ کو یہ معلوم ہوا کہ یہ خاتون ہے پوچھنے والی تو آپ نے صرف یہ نہیں فرمایا کہ ہاں اجازت ہے ٹھیک ہے فرمایا زینب ہے تو زینب کو تو میرا جواب ہے کہ اس کو تو صرف اجر ہی نہیں ملے گا بلکہ دوہرا اجر ملے گا کیونکہ وہ ایسی نیک دل عورت ہے کہ وہ اپنے خاوند کی خدمت بھی للہ کرتی ہے اور خدا کی رضا کی خاطر کرتی ہے اور یتیم کی خدمت بھی للہ کرتی ہے اور خدا کی رضا کی خاطر کرتی ہے۔ اس لئے رشتہ داری کے حقوق کا اجر بھی اس کو مل جائے گا اور بے کسوں اور بے سہاروں کی جزا بھی اس کو مل جائے گی۔ پس یتامیٰ کے متعلق قرآن مجید نے بہت ہی پیاری عظیم الشان اور تفصیلی تعلیم دی ہے اس کا بہت تھوڑا سا معمولی حصہ میں یہاں بیان کر سکا ہوں۔ اب آپ جب مذاہب کا مطالعہ کریں اور معاشروں کا مطالعہ کریں تو پھر آپ کو معلوم ہوگا کہ ہمارے دین کی تعلیم کتنی عظیم الشان کتنی اعلیٰ پائے کی ہے۔ کتنی وسیع ہے اور کتنی تفصیلی ہے۔ ہم جب دنیا کو اپنے دین کی طرف بلاتے ہیں تو ہرگز یہ مقصد نہیں کہ گویا ہم اپنی تعداد بڑھائیں ہمیشہ اس بات پر نظر ہوتی ہے کہ ایک سچائی ہے جس سے دنیا محروم ہے۔ ایک نعمت ہے اس سے محرومی کے نتیجہ میں دنیا مصیبتوں میں مبتلا ہے اور جب انہیں آسائشوں کی طرف بلاتے ہیں ان کو ان کی اپنی سہولتوں کی طرف بلاتے ہیں تو اس کے مقابلے پر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نہیں اس دین میں یہ خرابی ہے وہ خرابی ہے۔ ذرا صاف نظر سے تقویٰ کی آنکھ سے ہمارے دین کی کتاب کا مطالعہ تو کر کے دیکھیں۔ پھر مطالعہ تو کر کے دیکھیں۔ پھر ساری دنیا کے مذاہب کی کتابیں چھان ماریں۔ پھر اپنے دل سے پوچھیں کہ اس تعلیم سے دور رہ کر وہ کتنی نعمتوں سے محروم رہے ہیں۔ نہایت ہی عظیم الشان مذہب ہے انسانی بہبود کی ہر چیز قرآن کریم میں بیان کر دی گئی ہے اور انسانی بہبود کی ہر چیز کو قرآن سے پا کر اس کو محمد مصطفیٰ ﷺ نے اپنی صورت میں ہمیشہ کے لئے جاری فرما دیا۔

اس لئے قیامت تک کے لئے دنیا کی بہبود قرآن اور سنت محمد مصطفیٰ ﷺ سے وابستہ ہو چکی ہے کوئی پہلو کسی انسانی طبقہ کے ساتھ تعلق رکھنے والا ایسا نہیں ہے کہ جس کے متعلق قرآن کریم نے تعلیم نہ دی ہو اور پھر آنحضرت ﷺ نے اس پر مزید روشنی نہ ڈالی ہو۔

## رشتہ داروں کے بچوں کے حقوق

ایک ہیں اقرباء کے حقوق یعنی یتامیٰ کے حقوق تو ہیں اپنے بچوں کے حقوق بھی ہیں لیکن اپنے رشتہ داروں کے بچوں کے حقوق بھی ہیں۔ اور ان کی طرف بھی ہمارے دین نے توجہ دلائی ہے کیونکہ اگر اقرباء کے حقوق کی طرف توجہ نہ دلائی جائے تو بسا اوقات حقوق ادا کرنے کی بجائے ان سے خاندانی رقابتوں کی وجہ سے ان سے ناانصافیاں اور ظلم ہو جاتے ہیں اور شریکوں کی وجہ سے یہ فطری رجحان پایا جاتا ہے کہ دوسروں کے بچوں پر سختی اور اپنے بچوں پر نرمی اور دوسرے کے بچوں سے اپنے بچوں کے مقابلے اور اس کے نتیجہ میں بہت سی معاشرتی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں یہ باتیں وہ ہیں جن کو مغرب کا رہنے والا اچھی طرح نہیں سمجھ سکتا کیونکہ ان کے خاندان کے دائرے چھوٹے ہوتے ہوتے بالکل ایک گھر تک محدود ہو گئے ہیں اور بسا اوقات نہ پڑوسی کا پتہ نہ کسی رشتے دار کا پتہ لیکن دنیا کی بھاری آبادی ایسے معاشروں اور تمدنوں سے تعلق رکھتی ہے جہاں آج بھی خاندانی تعلقات بہت وسیع ہیں اور قرآن ان کی بیماریوں کو بھی نظر انداز نہیں فرماتا اور ان کی ضرورتیں بھی پوری فرما رہا ہے اس لئے اقرباء کے حقوق کا ایک الگ عنوان میں نے مقرر کیا ہے۔

## انسانی رشتوں میں توحید کا مضمون

قرآن کریم فرماتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے تم پر بنی نوع انسان کے بہت ہی وسیع حقوق عائد فرما دیئے ہیں۔ پس چاہئے کہ جب خدا رزق دے۔ تو اے قرآن کریم کے پڑھنے والے اپنے قریبیوں کو ان کا حق دو اور مسکین کو بھی اس کا حق دو اور راستہ چلنے والے کو بھی اس کا حق بھی۔ یہ ان لوگوں کے لئے بہت ہی حسین تعلیم ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا چاہتے ہیں۔ جو خدا تعالیٰ کے چہرے پر نظر رکھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ ان سے کیا سلوک کرتا ہے کہ ان سے خوش ہے یا ناراض ہے۔ فرمایا جو لوگ یہ کام کرتے ہیں وہی ہیں جو نجات یافتہ ہیں۔

پھر فرمایا کہ اے بنی نوع انسان اللہ کی عبادت کرو اور اس کے سوا کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ لیکن توحید کامل صرف خدا تعالیٰ کی وحدت کو قائم کرنے پر نہیں بلکہ انسانیت کی وحدانیت کو قائم کرنے پر ملتی ہے یہ وہ مضمون ہے جو کہ تفصیل سے اس آیت میں بیان فرمایا گیا ہے ایک طرف خدا سے تعلق کی ذمہ داریاں بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ سب سے اہم ذمہ داری خدا سے تعلق کی ہے کہ اس کے خلاف کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور جہاں تک بنی نوع انسان کا تعلق ہے وہ ذمہ داری یہ ہے کہ ایسے کام کرو کہ تمام بنی نوع انسان ایک ہی لڑی میں پروئے جائیں اور ہر ایک سے حسن سلوک کرو ایسے مسافروں سے بھی حسن سلوک کرو جو آج آئے اور کل کہیں چلے گئے دوبارہ کبھی تم سے ان کا رابطہ نہیں ہوگا۔ چنانچہ دیکھئے توحید کو انسانی رشتوں میں داخل فرما دیا۔ کیا اعلیٰ تعلیم ہے۔ پس ذی القربیٰ کی جو تعلیم ہے۔ یعنی قریبیوں سے حسن سلوک کی اس کا دراصل توحید سے تعلق ہے تبھی فرمایا کہ یہ وہ تعلیم ہے کہ اگر تمہاری خدا کی رضا کے چہرے پر نظر ہے تو کبھی اس کو نظر انداز نہیں کر سکو گے۔ خدا کی رضا چاہتے ہو تو اس کے بندوں کی رضا ڈھونڈو۔ اس کے بندوں کی خدمت میں اس کے بندوں کی رضا تلاش کرو گے تو وہیں تم کو خدا کی رضا بھی مل جائے گی۔ بہت ہی عظیم الشان مضمون ہے۔

## رزق کی فراخی کا ذریعہ صلہ رحمی

آنحضرت ﷺ سے حضرت انسؓ بن مالک یہ روایت بیان فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضورﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو رزق کی فراخی چاہتا ہے اسے صلہ رحمی کا خلق اختیار کرنا چاہئے یعنی اپنے رشتہ داروں سے بنا کر رکھنی چاہئے۔ بنا کر ترجمہ جس نے کیا ہے غلط کیا ہے۔ بنا کر سے شاید انہوں نے یہ مراد لی ہے کہ جوڑ کر رکھنی چاہئے۔ صلہ رحمی کا مطلب ہے کہ رشتہ داروں سے ایسے تعلقات قائم کئے جائیں کہ آپس کے محبت کے بندھن مضبوط ہوتے چلے جائیں اور وہ ایک خاندان بنتے چلے جائیں۔ ایک وجود بنتے چلے جائیں۔ اس مضمون کو قرآن کریم نے اس طرح پھیلایا ہے کہ اقرباء سے بڑھا کر پڑوسیوں میں پھر پڑوسیوں سے بڑھا کر رستہ چلتوں میں اور پھر ساری دنیا کے انسانوں پر اس مضمون کو محیط فرما دیا ہے۔

## نیکی کا جواب بدی سے دینے والے سے بھی نیکی جاری رکھو

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص آنحضورﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے ایسے رشتہ دار بھی تو ہیں کہ اگر ان سے میں صلہ رحمی کروں اور بنا کر رکھوں۔ یعنی جوڑ کر رکھوں تو مجھ سے قطع تعلق کر لیتے ہیں اور جب قطع تعلق کرتے ہیں تو اگر حسن سلوک کروں تو بدسلوکی سے پیش آتے ہیں اگر میں ان کے حق میں بردباری سے کام لوں تو میرے خلاف جہالت یعنی اشتعال انگیزی کا رویہ اختیار کرتے ہیں تو آنحضرت ﷺ نے کتنا پیارا جواب دیا۔ یہ نہیں فرمایا کہ ان سے نیکیاں کرنا چھوڑ دو۔ آپ عام کسی انسان سے خواہ کتنا ہی حلیم ہو یہ بات پوچھیں تو وہ صاف جواب دے گا کہ بھائی اگر یہ بات

ہے تو اگر تم سچے ہو تو پھر یہ جائیں جہنم میں! چھوڑو ان کو!! جب نیکی کرتے ہو بدی پاتے ہو۔ جب حسن سلوک کرتے ہو بداخلاقی دیکھتے ہو۔ جب تم احسان کا معاملہ کرتے ہو تو ظلم کی راہ سے وہ تم سے پیش آتے ہیں۔ چھوڑ دو۔ ان کو کیا ضرورت ہے ان سے تعلق رکھنے کی۔ حضور ﷺ نے یہ نہیں فرمایا۔ فرمایا جب تک تم اس حال پر قائم رہو گے یعنی بدی کے باوجود نیکی کرتے چلے جاؤ گے۔ ظلم کے باوجود احسان کرتے چلے جاؤ گے۔ تو گویا تم ان کے منہ میں مٹی ڈال رہے ہو۔ وہ خود ذلیل و رسوا ہو رہے ہیں۔ جہاں تک بدلے کا تعلق ہے وہ بدلہ تو نیکیوں کے ذریعہ ہی اتر گیا۔ مارنے کی بجائے سڑکوں پر گھسیٹنے کی بجائے تم نے حسن سلوک سے ہی انہیں مٹی میں ملا رکھا ہے اس پر قائم رہو۔ لیکن یہ بات میں تمہیں بتا دیتا ہوں کہ اگر تمہیں یہ خوف ہو کہ اس کے نتیجے میں وہ تمہارے حقوق پامال کر دیں گے تم خدا کی خاطر حسن سلوک کر رہے ہو اور وہ جواب میں ظلم اور بے انصافی سے پیش آرہے ہیں تو تمہارے حقوق تلف ہوں گے۔ یہ خطرہ ایک تھا نا۔ دیکھئے آنحضرت ﷺ کی نظر اس پر تھی اور اس کا بھی جواب دیا فرمایا (-) خبردار کوئی خطرہ نہیں ہے تمہیں خدا کی قسم اللہ مددگار رہے گا تمہارا ہمیشہ ان کے ظلم اور زیادتیوں کے خلاف اگر تم اس احسان کے سلوک سے باز نہیں آؤ گے تو تمہیں کوئی خوف نہیں ہوگا۔

## انتہائی حسین اور پیاری تعلیم دینے والا رسولؐ

کیسی کامل تعلیم، کیسی پیاری تعلیم، کیسا کامل رسولؐ، کیسی پیاری تعلیم دینے والا رسول، اتنا باریک بین معلم دنیا میں کبھی پیدا نہیں ہوا نہ کبھی پیدا ہو سکتا ہے۔ اب دنیا میں بڑے سے بڑے حکیموں کی حکمت کی باتیں نکال کر ان پر غور کر کے دیکھ لیں اچھی پیاری باتیں لوگ بھی کرتے ہیں اوروں نے بھی کی ہیں مگر کلام میں اتنی گہرائی اور ایسی حکمت اور ایسا ربط ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے کلام سے زیادہ آپ کو دنیا میں بلکہ اس کے برابر بھی دنیا میں آپ کو کہیں دکھائی نہیں دے گا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا رحم رحمان سے ملی ہوئی ایک شاخ ہے پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو تجھ سے ملے گا اس سے میں ملوں گا۔ جو تجھ سے تعلق توڑے گا اس سے میں قطع تعلق کروں گا۔ یعنی گویا کہ یہ ایک تقدیر ہے جسے الفاظ میں بیان کیا جا رہا ہے۔ مگر یہ تقدیر بغیر الفاظ کے جاری ہوئی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رشتہ داروں کے تعلق اور اقرباء کے تعلق کو اتنی اہمیت دی ہے کہ رحم (یعنی ماں کے پیٹ میں وہ عضو انسانی جہاں بچہ بنتا ہے عربی میں اس کا نام رحم رکھ دیا) اور اپنی سب سے زیادہ مخلوق سے تعلق رکھنے والی صفت رحمانیت کو بھی لفظ رح م سے تشکیل دیا۔ یعنی دونوں کا مادہ ایک رکھ دیا۔ آنحضور ﷺ فرماتے ہیں کہ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ رحم رحمان سے ملی ہوئی ایک شاخ ہے یعنی دونوں ایک ہی مادے سے پھوٹنے والی ہیں۔ ایک ہی مٹی سے نکلے ہیں پس خدا نے رحم کے مادے سے مخاطب ہو کر کہا کہ جو تجھ سے ملے گا اس سے میں تعلق جوڑوں گا اور جو تجھ سے تعلق توڑے گا میں بھی اس سے تعلق توڑوں گا۔ کیونکہ رحمان اور رحم کا تعلق اور رشتہ ایسا ہے کہ دونوں الگ الگ نہیں ہو سکتے ایک ہی مادے سے نکلے ہیں۔ آپس میں ساتھ ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ ایک سے تعلق ٹوٹا تو دوسرے سے بھی ٹوٹ جائے گا۔ اس سے بھی زیادہ دنیا کے کسی مذہب میں اقرباء کے حقوق کی ادائیگی اور رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی کی تعلیم دی جا سکتی ہے یا متصور ہو سکتی ہے؟

## حضرت نبی کریمؐ سے بے اختیارانہ محبت کی وجہ

یہ حضرت اقدس ﷺ ہی ہیں جو اس شان سے اس تفصیل سے تعلیم کا حق ادا فرما رہے ہیں۔ پھر آپ کو افضل الرسل ہم کیوں نہ سمجھیں۔ جب ہم کہتے ہیں کہ سب نبیوں سے افضل تمام بنی نوع انسان سے زیادہ سید ولد آدم تو یہ نرے دعوے تو نہیں آپ کی تعلیم مجبور کر رہی ہے ہمیں، آپ کی صفات مجبور کر رہی ہیں۔ آپ کی شخصیت اتنی عظیم ہے اتنی حسین ہے کہ اس کے تصور سے دل بے اختیار اچھلتا ہے جس طرح بچہ ماں کے دودھ کے لئے اچھلتا ہے اور اس طرح محمد مصطفیٰ ﷺ کی محبت ہم اپنی چھاتیوں میں محسوس کرتے ہیں۔ جس طرح بچے کی بھوک کی حالت دیکھ کر ماں کی چھاتیوں میں دودھ اچھلنے لگتا ہے۔ بے اختیاری سے اسی طرح خدا کی قسم جب ہم کہتے ہیں کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سب نبیوں سے افضل ہیں تو ہرگز میں فخر کی وجہ سے نہیں کرتا۔ یہ ایک حقیقت کا بیان ہے آپ ہمارے دین کا مطالعہ تو کر کے دیکھیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے حسن کا نظارہ تو کر کے دیکھیں (-)

ہم اگر حضرت مسیح موعود سے محبت کرتے ہیں تو احسان کی وجہ سے بطور خاص محبت کرتے ہیں کہ آپ نے ایک انتہائی حسین چہرے کو ایسی آنکھوں سے دیکھا جس نے حسن کے کسی پہلو کو نظر انداز نہیں کیا اور نہایت باریکی سے اس حسن کا مطالعہ کیا۔ جس کے خود عاشق ہوئے ہمیں اس کا عاشق بنا دیا۔

## محمدؐ ہست برہان محمدؐ

چنانچہ حضرت مسیح موعود رسول کریم ﷺ کے متعلق عرض کرتے ہیں کہ

اگر خواہی دلیلی عاشقش باش
محمدؐ ہست برہان محمدؐ

کہ محمدؐ کی صفات میں کیا بیان کروں اگر تم محمد مصطفیٰ ﷺ کی کوئی دلیل چاہتے ہو تو اس پر عاشق ہو جاؤ کیونکہ حسن کی اور کوئی دلیل نہیں ہوا کرتی۔ حسن خود اپنی دلیل ہوا کرتا ہے اس لئے اسلام کی تعلیم کو آپ اگر پرکھنا چاہتے ہیں تو محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت کا مطالعہ کریں۔ آپ کی تعلیم کا مطالعہ کریں اور گہرائی کی نظر سے آپ دیکھیں محض سطحی نظر سے آپ کی تعلیم کو نہ پڑھیں۔ تب آپ کے لئے چارہ نہیں رہے گا۔ مجبور ہو جائیں گے۔ اس ذات اقدسؐ کے عشق میں مبتلا ہونا آپ کی تقدیر بن جائے۔ ہو نہیں سکتا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر سچ کی نظر ڈالیں اور آپ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپ کی تعلیمات کے عاشق نہ ہو جائیں۔ خدا کرے کہ دنیا کی آنکھیں کھلیں اور جلد تر ہم دنیا کو دین حق کی سچی تعلیم سے روشناس کرانے کی توفیق پا سکیں کیونکہ وقت زیادہ ہو گیا ہے اس لئے مضمون کا بقیہ حصہ انشاء اللہ آئندہ سال بیان کروں گا۔

## الوداعی باتیں

اب الوداعی باتیں کچھ ہونے والی ہیں وہ چند منٹ میں آپ سے کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ یہ جلسہ بخیر وخوبی سرانجام پایا اور معمولی ادنیٰ تکلیفوں کے علاوہ جہاں تک میں نے جائزہ لیا ہے نہ تو یہاں آنے والوں کو کوئی تکلیف پہنچی اور نہ ہی ان کی خدمت کرنے والوں کو کوئی تکلیف پہنچی اور بڑے اچھے پیارے محبت کے ماحول میں عمدگی کے ساتھ انتظامات جاری رہے۔ اس سلسلے میں خدمت کرنے والوں کا حق ہے کہ ہم ان کے لئے دعا کریں۔ خاص طور پر افسر صاحب جلسہ سالانہ ہدایت اللہ صاحب بنگوی کے لئے میں دعا کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ جب میں یہاں آیا تھا تو وہ ایسے حال میں تھے۔ ایسے مریض تھے کہ اونچی آواز سے ان سے بات بھی نہیں کی جاتی تھی۔ دو قدم چلتے تھے تو دھونکنی کی طرح سانس چلنے لگتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا ان کے لئے دعاؤں کی بھی توفیق ملی دواؤں کی بھی توفیق ملی اور میں نے پھر یہ سمجھا کہ ان سے جتنا کام لیا جائے گا اتنے ہی یہ اچھے ہوتے چلے جائیں گے۔ چنانچہ ان پر بڑے بوجھ ڈالے اور یہ نسخہ بہت ہی کارگر ثابت ہوا ہے۔ جوں جوں کام ان کے سپرد زیادہ ہوئے وہ خدا کے فضل سے اور صحت مند اور جوان ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ دعا کریں کہ یہ جوانی ان کی قائم رہے دائم رہے اور ہر سال ان کو جلسہ سالانہ کے موقعہ پر مہمانوں کی اسی طرح توجہ اور عمدگی اور حسن عمل کے ساتھ خدمت کی توفیق ملتی رہے۔ ان کے ساتھ ٹیمیں ہیں جو بہت ہی عمدہ کام کرنے والی ہیں۔ چھوٹے بھی، بڑے بھی، بچے بھی۔

## جماعت انگلستان کے لئے دعا کی تحریک

اس ضمن میں میں آپ کو جماعت احمدیہ انگلستان کے لئے دعا کی خصوصیت کے ساتھ تحریک کرتا ہوں۔

اسلام آباد کو آج آپ جس حالت میں دیکھ رہے ہیں۔ دو مہینے پہلے آپ یہاں آتے تو آپ کو بالکل اور نقشہ نظر آتا۔ گھاس بڑھی ہوئی، جنگل پھیلے ہوئے، عمارتوں کے اوپر کائیاں جمی ہوئیں اور بہت ہی ناقص حالت تھی اور جو بیت الخلاء وغیرہ تھے ان کے بھی حال برے تھے۔ ایک برس سے بیکار پڑے ہوئے تھے اور موسم بھی ایسا رہا اور چیزیں ایسی تھیں جنہوں نے بدحال کر کے رکھ دیا تھا تو گھبراہٹ ہوتی تھی کہ اس جگہ مہمان آئیں گے تو کیسے ٹھہریں گے۔ اللہ تعالیٰ جزا دے افسر صاحب جلسہ کو خدام الاحمدیہ کو انصار اللہ کو خواتین کو کتنی لمبی محنت کے ساتھ مسلسل محنت سے انہوں نے کام کیا ہے کہ جب بھی میں ان پر نظر ڈالتا تھا کام کرتے ہوئے۔ بے اختیار میرا دل ان کے لئے دعا بن جایا کرتا تھا۔ اتنا پیار آتا تھا ان خدمت کرنے والوں پر کہ دل چاہتا تھا بازو میں بازو ڈال کر ان کے ساتھ پھرتا رہوں۔ ان کے قریب رہوں ان کو اپنا قرب دوں۔ آپ بھی اسی جذبے سے جس طرح مجھے ان پر پیار آتا رہا ہے۔ پیار کے ساتھ ان کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

جماعت احمدیہ انگلستان کی بڑی تربیت ہوئی ہے ان میں بڑے بڑے جوہر دریافت ہوئے ہیں۔ بہت ہی شاندار خدمت کرنے والے ان میں سے نکلے ہیں۔ جو بظاہر عام ایک بیکار سے وجود کے طور پر پہلے زندگی گزار رہے تھے کسی کو پتہ ہی نہیں تھا کہ کیسے کیسے ہیرے مخفی ہیں۔ اس جماعت میں تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ صیقل ہو رہے ہیں۔ ایک کمزوری ہے ان کی اس کے لئے بھی دعا کریں۔ ان کی اگلی نسلیں نماز باجماعت میں ابھی تک ویسی مستعد نہیں ہیں اور توجہ دلانی پڑتی ہے اور فرق پڑ رہا ہے۔ کافی فرق پڑ چکا ہے لیکن جیسی میری تمنا ہے میری تمنا کیا جیسا ضروری ہے۔ لازمی ہے اس کے بغیر روحانی زندگی مل ہی نہیں سکتی اس منزل پہ یہ ابھی نہیں پہنچے اور میں چاہتا ہوں کہ ان کی نیکیوں کو دوام مل جائے۔ ان کی جس حالت پر آج ہم ان کو دیکھ رہے ہیں اس میں ترقی ہو بعد میں تنزل نہ ہو۔ اس سلسلے میں جب میں غور کیا کرتا تھا کہ جب میں واپس جاؤں گا تو کون ان کی نگرانی کرے گا کون تربیت کرے گا کون ان کا خیال رکھے گا تو میرے دل میں بڑا درد پیدا ہوتا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے مجھے سمجھایا کہ ان کو نماز کی عادت ڈالو جو شخص عبادت پر قائم ہو جاتا ہے خدا کی محبت میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کو کوئی نقصان کبھی نہیں پہنچ سکتا وہ کبھی ضائع نہیں ہو سکتا۔ کسی اور مربی کی اس کو ضرورت نہیں رہتی۔ اس کے دل میں خدا کی محبت کا خدا کی عبادت کا ایسا مربی اٹھ کھڑا ہوتا ہے کہ ہمیشہ اس کے ساتھ رہتا ہے۔ اس سے بہتر اور کوئی مربی نہیں ہے اس لئے جو میں بات کہہ رہا ہوں ایک خاص حکمت اور ایک لمبے غور کے بعد کہہ رہا ہوں۔ بعض دل کے تجربات میں سے گزرنے کے بعد کہہ رہا ہوں تو اہل انگلستان بھی اپنے لئے یہ دعائیں کریں اور باقی دنیا کی جماعتیں بھی کیونکہ انہوں نے واقعتاً انصار ہونے کا بہت حق ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو بہترین جزا دے۔

(باقی صفحہ 11 پر)

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

### مسل نمبر 69989 میں خالد محمود

ولد محمد حنیف قوم آرائیں پیشہ زمیندارہ عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ڈیرہ نمبرداراں 58/3 ٹکڑا ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-3-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین 2 کنال مالیتی اندازاً -/40000 روپے (2) مکان مالیتی اندازاً -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ خالد محمود گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد دانش وصیت نمبر 36923 گواہ شد نمبر 2 محمد سلیم اختر وصیت نمبر 44340

### مسل نمبر 69990 میں محمد اسماعیل

ولد محمد حسین قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ڈیرہ نمبرداراں 58/3 ٹکڑا ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-5-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اسماعیل۔ گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد دانش معلم سلسلہ وصیت نمبر 36923۔ گواہ شد نمبر 2 وقاص احمد ولد محمد رفیق

### مسل نمبر 69991 میں رومانہ ناز

زوجہ عزیز احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن پنھور کالونی میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 31-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/70000 روپے (2) طلائی زیور 60 گرام مالیتی -/78000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ رومانہ ناز۔ گواہ شد نمبر 1 عزیز احمد خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد آرائیں وصیت نمبر 28901

### مسل نمبر 69992 میں امتہ السلام

زوجہ ناصر محمود قوم بندیشہ پیشہ فارغ عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سٹلائیٹ ٹاؤن میر پور خاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 31-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/750 پونڈ (2) طلائی زیور 30 گرام مالیتی -/41100 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ امتہ السلام۔ گواہ شد نمبر 1 کبیر علی والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد آرائیں وصیت نمبر 28901

### مسل نمبر 69993 میں عظمیٰ نورین

